سوال

(199) صرف شرعی اذکار وادعیہ کو اختیار کریں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اولیائے کرام اور نیک لوگوں کے اوراد ووظائف کا کیا حکم ہے جیسے قادیانیہ اور تیجانیہ وغیرہ۔ (فرقوں کے لوگ) کیا ان پر عمل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور کتاب ''دلائل الخیرات'' کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

(۱) قرآن مجید اور احادیث نبویہ میں بہت سی مشروع (شرعی) دعائیں اور اذکار موجود ہیں، بعض علماء نے ان میں سے جمع کرکے کتابیں لکھی ہیں۔ مثلاً نووی کی کتاب الاذکار، ابن سنی کی ''عمل الیوم واللیلة' ابن قیم کی ''الوابل الصیب۔'' اس کے علاوہ حدیث کی کتابوں میں ادعیہ واذکار کے مستقل ابواب موجود ہیں۔ لہٰذا ان کی طرف رجوع کریں۔

(۲) اللہ تعالیٰ کے ولی وہ لوگ ہیں جواپنے اقوال وافعال اور عقائد میں شریعت کی پیروی کریں۔ باقی گمراہ فرقے اور جماعتیں مثلاً تیجانیہ وغیرہ اللہ تعالیٰ کے ولی نہیں، شیطان کے ولی اور اس کے دوست ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل کتابیں پڑھیں۔ ''اَلْفُرْقَانُ بَیْنَ اَوْلِیَاءِ الرَّحْمٰنِ وَاَوْلِیَاءِ الشَّیْطَانِ'' اور (اِقْتِضَاءُ الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْم مُخَالَفَةَ اَصْحَابِ الْجَحِیْم) یہ دونوں کتابیں شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی ہیں۔

(۳) ''دلائل الخیرات'' کے بارے میں ہم آپ کو نصیحت کرتے ہیں کہ اسے ترک کردیں کیونکہ اس میں شرکیہ وبدعی امور پائے جاتے ہیں۔ قرآن وحدیث میں موجود اذکار کی موجودگی میں ان کی ضرورت نہیں۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیَّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۵۲۹۲)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلد دوم- صفحہ 207

محدث فتویٰ